## پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ضمنی انتخابات کے سلسلے میں ایم کیوایم کے تحت بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی

## ریلی اورنگی ٹاؤن کی شاہراہوں اور مختلف علاقوں سے گزری، عوام نے وکٹری کا نشان بنا کر فتح کی نوید دی

## حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی مختلف برادریوں، دکانداروں اور تاجروں سے ملاقاتیں ضمنی انتخابات میں بھرپور تعاون کی اپیل کی

کراچی۔۔۔10، اکتوبر 2010ء

17، اکتوبر کو پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ہونے والے ضمنی انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام عظیم الشان انتخابی ریلی نکالی گئی جس میں پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد، حق پرست نمائندوں کے علاوہ سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان اور علاقے کے ہمدرد عوام کے نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء درجنوں موٹر سائیکلوں، سوزوکیوں اور گاڑیوں پر سوار تھے جن کے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کے علاوہ ایم کیوایم کے انتخابی نشان ''پتنگ'' سمبل اٹھا رکھے تھے۔ ریلی اورنگی ٹاؤن کی مختلف شاہراہوں کے علاوہ یونٹ 119، 120، 123، 124، 126 اور 125 کے علاقوں سے گزری اس موقع پر ریلی کے شرکاء کو دیکھ کر عوام نے ان کا زبردست استقبال کیا اور ہاتھوں اٹھا کر وکٹری کے نشان بنا کر فتح کی نوید دی۔ ریلی میں ٹرک پر رکھے ساؤنڈ سسٹم پر ایم کیوایم کے ترانے اور نغمے بجائے جارہے تھے۔ بعدازاں ریلی مرکزی الیکشن آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ دریں اثناء پی ایس 94 کی انتخابی مہم کے سلسلے میں حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے میانیواں والی، ہزارہ وال، راجپوت اور سرائیکی برادریوں کے معززین اور اورنگی ٹاؤن پانچ نمبر الیکٹرونکس وموبائل مارکیٹ کے دکانداروں اور تاجر برادری سے ملاقاتیں کیں اور ان سے 17 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی الیکشن میں بھرپور تعاون کی اپیل کی۔ اس موقع پر مختلف برادریوں اور الیکٹرونکس وموبائل مارکیٹ کے دکانداروں اور تاجروں نے حق پرست امیدوار سیف الدین کو مکمل تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ 17، اکتوبر حق پرستوں کی شاندار فتح کا ایک اور دن ہے۔ اسی طرح انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن شعبہ خواتین کی ارکان نے گھر گھر جا کر خواتین سے رابطے کئے اور انہیں حق پرست امیدوار صوبائی اسمبلی سیف الدین خالد کی انتخابی مہم اور 17 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی الیکشن میں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرانے کی اپیل کی جبکہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید منظر امام نے انتخابی مہم کے سلسلے میں یونٹ 124 اور مدینہ کالونی میں اسپورٹس کلب کا دورہ کیا اور مقامی امام بارگاہ کے منتظمین اعلیٰ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سید منظر امام نے کہا کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے بعد اب شہید کی نشست پر 17 اکتوبر کو ضمنی الیکشن ہونے جارہے ہیں اور اورنگی ٹاؤن قائد تحریک جناب الطاف حسین کا قلعہ رہا ہے اور اس مرتبہ بھی تمام مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے ووٹ کو حق پرست امیدوار کیلئے استعمال کریں اور 17، اکتوبر کے دن اپنے گھروں سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں نکل کر انہیں ہمیشہ کیطرح بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

☆☆☆☆☆